**SET-2**

**Series : GBM/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No.** **252/1/2**

**Roll No.** رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحوں کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ یہ بھی جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **27** ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کی جگہ پر جواب کاپی میں لِکھ دیجیے۔**
- آپ کو پرچہ کے سوال پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ 10 بجکر 15 منٹ تک پرچہ طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ میں چھپے سوالوں کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ جواب کاپی میں کچھ لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

حاصل وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

بیش ترین کُل نمبر : 100
*Maximum marks : 100*

**عام ہدایات :**

*(i)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

*(ii)* سوال نمبر **1** سے **5** تک کا ہر سوال **ایک نمبر** کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **20** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(iii) سوال نمبر 6 سے 10 تک کا ہر سوال دو نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوال نمبر 11 سے 16 تک کا ہر سوال چار نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوال نمبر 17 سے 21 تک کا ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر 21 نقشہ پر مبنی سوال ہے۔ اس کا جواب آپ اپنی جواب کی کاپی میں لکھیے ۔

(vii) سوال نمبر 22 سے 27 تک ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

.1 1971 میں 'غریبی ہٹاؤ' کا نعرہ کس نے دیا اور کیوں ؟ **1**

.2 عوامی تحریکوں کی ضرورت کی حمایت میں کوئی ایک مناسب دلیل دیجیے۔ **1**

.3 2014 کے لوک سبھا الیکشن میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی جیت کے لیے آپ کے خیال میں کون سا عنصر ذمہ دار ہے ؟ **1**

.4 سرد جنگ کے دوران چھوٹی ریاستوں کا کسی ایک عظیم طاقت کے ساتھ بندھے رہنے کا کوئی ایک سبب لکھیے ۔ **1**

.5 درج ذیل میں سے کون سا قول 'نئے عالمی نظام' کے شروع ہونے کے بارے میں صحیح ہے ؟ **1**

A. کویت پر حملہ کر کے قبضہ کرنے کے بعد عراق کا ایک طاقت کی شکل میں ابھرنا۔

B. روس (USSR) میں 'سوشلزم' کا کمزور پڑنا۔

C. سرد جنگ کے برسوں تعطل کے بعد اقوام متحدہ نے کویت کو آزادی کے لئے قوت کا استعمال کرنے کی اجازت دے دی۔

D. USSR کا شیرازہ بکھر جانا۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

6. وارسا پیکٹ (Warsaw Pact) سے متعلق کسی چار ملکوں کے نام لکھیے۔ **4 × ½ = 2**

7. عالم گیریت (گلوبلائزیشن) کے کسی دو اہم اثرات کا جائزہ لیجیے۔ **2 × 1 = 2**

8. ماحولیات کی تشویش کے مسائل زیادہ تر ملکوں میں تشویش کا خاص سبب بن کر کیوں رہ گئے ؟ **2**

9. ناوابستہ کی پالیسی نے کن دو طریقوں سے ہندوستان کو فائدہ پہنچایا ؟ **2 × 1 = 2**

10. فہرست A کے لیڈروں کو فہرست B کی پارٹیوں سے ملاکر صحیح جوڑی بنایئے : **4 × ½ = 2**

| فہرست A | | فہرست B | |
|---|---|---|---|
| a. | سی۔ راج گوپال آچاری | i. | بھارتیہ جن سنگھ |
| b. | شیاما پرشاد مکرجی | ii. | دی کمیونسٹ پارٹی |
| c. | آچاریہ نریندر دیو | iii. | سوتنتر پارٹی |
| d. | اے۔ کے۔ گوپالن | iv. | سوشلسٹ پارٹی |

11. ہندوستان کو امریکہ (U.S.) کے ساتھ دوستانہ تعلقات کیوں رکھنے چاہئیں ؟ کوئی چار اسباب دے کر بیان کیجیے۔ **4 × 1 = 4**

12. دلت پینتھرس کی کوئی دو سرگرمیاں بیان کیجیے۔ **2 × 2 = 4**

13. 1947 میں ہوئے ہندوستان کے بٹوارے کے کوئی چار نتائج بیان کیجیے۔ **4 × 1 = 4**

14. اگر اقوام متحدہ جیسی کوئی بین الاقوامی تنظیم نہیں ہوتی، تو اس کے ممکنہ نتائج کیا ہوتے ؟ کوئی دو پوائنٹس بیان کیجیے۔
**2 × 2 = 4**

15. ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کا جائزہ لیجیے۔ **4**



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

16. ہندوستان میں گٹھ بندھن کی (مخلوط) حکومتوں کی نمائندگی کرنے والے چار وزیر اعظموں کے نام کے ساتھ ان کی پارٹی کے نام بھی لکھیے۔ **4 × 1 = 4**

17. درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 + 2 = 5**

دی نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی فار ریلوے مینس اسٹرگل نے بونس اور ملازمت کی شرائط کے بارے میں اپنے مطالبات کو منوانے کے لیے ریلوے ملازمین کی ایک ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا۔ حکومت ان مطالبات کے خلاف تھی۔ ہندوستان کے پبلک سیکٹر کے سب سے بڑے ڈپارٹمنٹ کے ملازمین مئی 1974 میں اسٹرائک پر چلے گئے۔ ریلوے ملازمین کی ہڑتال نے مزدوروں کی بے چینی اور بڑھا دی۔ ریلوے ہڑتال نے مزدوروں کے حقوق کے سوال بھی اٹھائے اور یہ بھی کہ کیا لازمی خدمات کے ملازمین اسٹرائک جیسے طریقے استعمال کر سکتے ہیں ؟

(a) 1974 کی ریلوے ہڑتال کی نمائندگی کرنے والے لیڈر کا نام لکھیے۔

(b) سرکار ہڑتال کرنے والے لوگوں کی مخالف کیوں تھی ؟ کوئی دو اسباب بیان کیجئے۔

(c) کیا لازمی خدمات کے ملازمین کی اسٹرائک کی اجازت ہونی چاہیے ؟ اپنے جواب کی حمایت میں دلیل دیجیے۔

18. درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 + 2 = 5**

"کسی بھی سماج میں مختلف گروپ ہوتے ہیں اور ان کی آرزوئیں بھی اکثر الگ الگ اور ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔ ایسے میں ہم الگ الگ گروپوں کے ان اختلافات کے آپسی ٹکراؤ کو کس طرح سلجھا سکتے ہیں ؟ جمہوری سیاست اس سوال کا ایک جواب ہے۔" سیاست میں مقابلہ اور طاقت دو سب سے زیادہ ظاہری چیزیں ہیں، لیکن ان سیاسی سرگرمیوں کا مقصد عوام کے فائدے کے لیے فیصلے کرنا اور اس پر عمل کرنا ہوتا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہیے۔ ہمارے لیڈروں نے اسی راستے کو چننے کا فیصلہ کیا۔

(a) ہندوستانی سماج کے ایسے کسی دو گروپوں کو پہچانیۓ جن کی آرزوئیں الگ الگ لیکن ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

(b) جمہوریت سیاسی اختلافات کو سلجھانے کے لئے کئی متبادل صورتیں مہیا کرتی ہے۔ اس قول کو ثابت کرنے کے لیے کوئی ایک مثال دیجیے۔

(c) موجودہ یونین گورنمنٹ کے کسی دو فیصلوں کو پہچانیۓ جو عوام کے فائدے کے لیے ہیں۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

19. درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 + 2 = 5**


دو عظیم طاقتیں دنیا میں اپنا دائرہ اثر بڑھانے کے لیے کوشاں تھیں۔ دو حلیفوں میں واضح طور سے منقسم دنیا میں ایک ریاست سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ وہ مضبوطی کے ساتھ اپنی حفاظتی عظیم طاقت کے ساتھ جڑی رہے گی تا کہ دوسری عظیم طاقت اور اس کے حلیفوں کا اثر محدود رہے۔

(a) اپنا دائرہ اثر بڑھانے کے لیے کوشاں دونوں عظیم طاقتوں کی پہچان کیجیے۔

(b) دونوں عظیم طاقتوں میں واضح طور سے دنیا کا بٹوارہ کیوں ہوا ؟

(c) دونوں اتحادوں کے ساتھ ہندوستان کے شامل نہ ہونے کے دو خاص اسباب بتائیے۔

20.




اوپر دیئے گئے کارٹون کا غور سے مطالعہ کیجئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے : **1 + 2 + 2 = 5**

(i) دونوں کارٹون کس ملک سے تعلق رکھتے ہیں ؟

(ii) 'تب' اور 'اب' کے بیچ اس ملک کی معاشی پالیسی میں کوئی دو فرق بتائیے۔

(iii) کارٹون میں دکھائی گئی تبدیلی نے اس ملک کی معاشی حالت کو کیسے فائدہ پہنچایا ؟

**نوٹ :** درج ذیل سوال **صرف نابینا امیدواروں** کے لیے سوال نمبر **20** کے بدلے :

(20.1) ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے اس صدر کا نام لکھیے جس نے پہلی خلیجی جنگ میں جیت حاصل کی۔


(20.2) سرداری کا کیا مطلب ہے ؟

(20.3) ایسے دو ملکوں کے نام لکھیے جن کے خلاف امریکہ نے اپنی فوجی طاقت کا استعمال کیا اور کیوں ؟



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

21.




دیے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکے پر پانچ ریاستیں (A)، (B)، (C)، (D) اور (E) دکھائی گئی ہیں۔ ان ریاستوں کو نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے پہچانیے اور ان کے صحیح نام، استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور ان سے متعلق حروف تہجی کو دی گئی جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے : **5 × 1 = 5**

| استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر | متعلق حروف تہجی (Related Alphabet) | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |
| (v) | | |

collegedunia.com India's largest Student Review Platform



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(i) یہ ریاست ہندوستان کی پہلی ریاست تھی جہاں 1957 میں پہلی غیر کانگریسی حکومت بنی۔

(ii) یہ ریاست وہ جگہ ہے جہاں امول ڈیری کوآپریٹو (Amul Dairy Cooperative) وجود میں آئی۔

(iii) شمالی ہندوستان کی یہ ریاست 1947 میں بٹوارے کے وقت ہندوستان اور پاکستان کے بیچ بانٹی گئی تھی۔

(iv) اس ریاست کو (Special States under Article 370) آرٹیکل 370 کے تحت خاص درجہ دیا گیا تھا۔

(v) یہ ریاست 1987 میں قائم ہوئی تھی۔

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **21** کے بدلے : **1 + 1 + 2 + 1 = 5**

(21.1) کون سی ریاست اتر پردیش سے الگ کرکے بنائی گئی تھی ؟

(21.2) آزاد ہندوستان کی کس ریاست میں پہلی غیر کانگریسی حکومت بنی تھی ؟

(21.3) برٹش ہندوستان کی وہ دو ریاستیں کون سی تھیں جن کو 1947 میں بٹوارے کے وقت ہندوستان اور پاکستان کے بیچ بانٹا گیا تھا اور کیوں ؟

(21.4) آزادی سے پہلے کس سیاسی پارٹی نے 'دو قومی نظریہ' دیا تھا ؟

22. 1975 میں نیشنل ایمرجنسی (ہنگامی حالات) کا اعلان کرنے کی کوئی چار وجوہات بیان کیجیے۔ آپ کے خیال میں ان میں سے کون سی وجوہات مناسب ہیں ؟ **4 × 1½ = 6**

**یا**

1969 میں کانگریس پارٹی کے بٹوارے کے لیے ذمہ دار کوئی تین عوامل بیان کیجئے۔ **3 × 2 = 6**

23. روایتی اور غیر روایتی سلامتی کے بیچ کوئی تین فرق بتائیے۔ **3 × 2 = 6**

**یا**

اگر آپ کو U.N. کی جنرل اسمبلی میں ہندوستان کی نمائندگی کرنے کا موقع ملے تو آپ U.N. کی سلامتی کونسل میں ہندوستان کی مستقل ممبرشپ کے لئے کون سی تین خاص دلیلیں دیں گے ؟ بیان کیجئے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

24. آپ کے خیال میں ناوابستہ تحریک (NAM) اب کس حد تک بے محل/ غیر متعلق ہوگئی ہے ؟ اپنے جواب کی تائید میں اسباب بیان کیجئے۔ **6**

**یا**

کوئی ایسے تین طریقوں کا مشورہ دیجیے جن سے سوویت یونین کو بکھرنے سے بچایا جا سکتا تھا۔ **3 × 2 = 6**

25. ماحولیات کے تحفظ کے لیے ہندوستان کی حکومت کے ذریعے اٹھائے گئے کوئی چار اقدام بیان کیجیے۔ **4 × 1½ = 6**

**یا**

گلوبلائزیشن (عالم گیریت) کی مزاحمت میں ہندوستان کا تجربہ بیان کیجیے۔**6**

26. چین کی سرکار کے ذریعے اٹھائے گئے کوئی تین خاص اقدام بیان کیجیے جن سے چینی معشیت ابھری۔ **3 × 2 = 6**

**یا**

پاکستان میں آزادی کے بعد وہاں کی فوج اور جمہوریت کا رول بیان کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

27. آرک (عرق) مخالف تحریک (Anti-Arrack Movement) کے ذریعے اٹھائے گئے کوئی چار مدعے بیان کیجیے۔ اس تحریک کو عورتوں کی تحریک کیوں کہا جاتا ہے؟ **4 + 2 = 6**

**یا**

بھارتیہ کسان یونین کی رہنمائی میں ہوئی تحریک کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجیے۔ **4 × 1½ = 6**

---



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform